ساده زبان میں مالی امداد کی پالیسی کا خلاصہ

Sentara اسپتال یا Sentara کی دیگر غیر اسپتالی سہولیات میں ہنگامی یا دیگر طبی طور پر لازمی نگہداشت کے لیے مالی امداد

اگر آپ اپنے بل ادا کرنے سے قاصر ہیں تو مالی امداد کے لئے اپنی اہلیت معلوم کرنے کے خاطر براہ کرم آپ کو سروسز فراہم کرنے والی فیسلٹی کے درج ذیل فون نمبر یا پتے پر ہم سے رابطہ کریں۔ ہر مریض کی مالی امداد کی ضرورت کا اندازہ ان کی گھریلو آمدنی کی بنیاد پر لگایا جاتا ہے، متعلقہ عوامل جیسے کہ رپورٹ شدہ آمدنی، اثاثے، واجبات، اخراجات، اور دیگر دستیاب وسائل پر غور کیا جاتا ہے۔ مفت علاج اُن غیر بیمہ شدہ، ذاتی ادائیگی کرنے والے، اور بیمہ یافتہ مریضوں کے لیے دستیاب ہے جن کی گھریلو آمدنی اُس وقت کی موجودہ وفاقی خطِ غربت کی سطح کے 300٪ یا اس سے کم ہو، اور جن کے دستیاب اثاثے 50,000 ڈالر سے کم ہوں۔ مزید برآں، وہ غیر بیمہ شدہ اور ذاتی ادائیگی کرنے والے مریض جن کی گھریلو آمدنی اُس وقت کی موجودہ وفاقی خطِ غربت کی سطح کے 300٪ سے 400٪ کے درمیان ہو، اور جن کے دستیاب اثاثے 50,000 ڈالر سے کم ہوں، انہیں 80٪ رعایت دی جائے گی۔ اس کے علاوہ، Sentara Albemarle Medical Center میں علاج کروانے والے بیمہ یافتہ مریض، جن کی گھریلو آمدنی وفاقی خطِ غربت کی سطح کے 300٪ سے 400٪ کے درمیان ہو اور جن کے دستیاب اثاثے 50,000 ڈالر سے کم ہوں، انہیں 80٪ رعایت دی جائے گی۔

یو.ایس. محکمہ صحت اور انسانی سروسز کی طرف شائع کردہ غربت کے متعلق حالیہ وفاقی رہنما ہدایات کے لئے
http://aspe.hhs.gov/poverty/index.cfm ملاحظہ فرمائیں۔

مالی امداد کی مکمل پالیسی ("FAP") کے علاوہ مالی امداد کی درخواست www.sentara.com/financialassistance پر دستیاب ہے۔
Sentara ہسپتال فیسلٹی کے مریضوں کی رجسٹریشن کے ہر حصے میں دستاویزی نقول دستیاب ہیں اور درخواست کی صورت میں مریض کو مفت ارسال کی جائیں گی۔

فیسلٹیز *اس FAP ساده زبان میں خلاصے میں ہسپتال کی درج ذیل فیسلٹیز کا احاطہ کیا گیا ہے*	**مالی امداد کی معلومات کی درخواست کے لئے رابطہ معلومات**
Sentara Albemarle Medical Center Sentara CarePlex Hospital Sentara Halifax Regional Hospital Sentara Leigh Hospital Sentara Martha Jefferson Hospital (بشمول Sentara Martha Jefferson Outpatient Surgery Center) Sentara Norfolk General Hospital Sentara Northern Virginia Medical Center Sentara Obici Hospital (بشمول Sentara BelleHarbour Surgery Center) Sentara Princess Anne Hospital Sentara RMH میڈیکل سنٹر Sentara Virginia Beach General Hospital Sentara Williamsburg Regional Medical Center	**فون کے ذریعے درخواست:** 757-233-4600 **ڈاک کے ذریعے درخواست:** Sentara Health برائے توجہ: مالی رابطہ کار P.O. Box 117839 Atlanta, GA 30368-7839 **فیکس کے ذریعے درخواست:** 757-510-9411 **ای میل کے ذریعے درخواست:** FAP@sentara.com

فیسلٹی کے FAP کے تحت افراد گھرانے کی آمدن سمیت مکمل درخواست کو درج بالا پتے پر بھیج کر یا سینٹارا ہسپتال فیسلٹی کے مریضوں کی رجسٹریشن کے کسی حصے میں درخواست اور ثبوت لا کر مالی امداد کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ درخواست کے عمل میں معاونت وصول کرنے کے لئے بھی مریض درج بالا مقام کو فون کر سکتے ہیں یا وہاں کا دورہ کر سکتے ہیں۔

ہنگامی صورت حال یا FAP میں احاطہ کی گئی طبی طور پر لازمی دیگر نگہداشت کی صورت میں ممکن ہے کہ ہسپتال کی کسی فیسلٹی کے FAP کے تحت اہل مریضوں سے صرف اتنی ہی رقم وصول کی جائے جو ایسی نگہداشت کے لئے بیمہ کے ذریعے ادائیگی کرنے والے افراد سے وصول کی جاتی ہے۔

Sentara کی پالیسی کے مطابق دیگر غیر اسپتالی مقامات پر بھی مالی معاونت دستیاب ہے۔